**17.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......................ضمیر رضوی

**Music**

-----------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے مغربی بنگال میں، مالدا ٹاؤن ریلوے اسٹیشن پر بھارت کی پہلی وندے بھارت سلیپر ٹرین کو ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا، جو ہاوڑہ اور گواہاٹی کے درمیان چلے گی۔

☆ وزیرِ اعظم آج شام آسام کا دورہ کرینگے اور وہاں دو نئی امرت بھارت ایکسپریس ریل گاڑیوں کی شروعات کرینگے۔

☆ چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلع میں آج حفاظتی دستوں کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں دو ماؤ نواز مارے گئے۔

☆ امریکہ کے صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے امن سے متعلق نئے بورڈ کے ممبروں کا اعلان کیا ہے، جو غزہ تنازعے کو ختم کرنے کی غرض سے 20 نکاتی امن منصوبے کے دوسرے مرحلے کی نگرانی کریں گے۔

☆ اور بھارت کے محکمہ موسمیات نے اگلے تین سے چار دن کے دوران پنجاب اور ہریانہ میں ہلکی بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

## PM-VANDE BHARAT SLEEPER

وزیرِ اعظم نریندر مودی آسام اور مغربی بنگال کے دو روزہ دورے پر مغربی بنگال پہنچ گئے ہیں۔ انہوں نے مالدا ضلع میں بھارت کی پہلی وندے بھارت سلیپر ٹرین کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ یہ ریل گاڑی ہاوڑہ اور گواہاٹی (کاماکھیہ) کے درمیان چلے گی۔ جناب مودی نے ورچوئل طریقے پر گواہاٹی - ہاوڑہ وندے بھارت سلیپر کی بھی شروعات کی۔ اِس گاڑی کے چلنے سے سفر میں کم وقت لگے گا اور سفر بھی آرام دہ ہوگا۔ ہمارے نامہ نگار کا کہنا ہے کہ اِس ریل گاڑی سے عام مسافروں، طلباء، پیشہ ور افراد، مائیگریٹ ورکروں اور تاجروں وغیرہ کو کافی فائدہ پہنچے گا۔

وزیرِ اعظم مودی مغربی بنگال میں تین ہزار 200 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے کئی ریل اور سڑک پروجیکٹوں کا سنگِ بنیاد رکھیں گے اور اُن کی شروعات کریں گے۔ بعد میں شام کو وہ آسام جائیں گے۔ شام کو جناب مودی Bodo کمیونٹی کے ثقافتی مالامال، تاریخی ورثے کی تقریب Bagurumba Dwhou 2026 میں شامل ہوں گے۔

ایک رپورٹ۔ V-C Aminul

*وزیرِاعظم آج شام تقریباً 6 بجے گوہاٹی کے بھوگیشور Baruah اسپورٹس کمپلیکس میں ایک روایتی بوڈو ثقافتی پروگرام Bagurumba Dwhou-2026 میں شرکت کریں گے۔ اس موقع پر بوڈو برادری سے تعلق رکھنے والے 10 ہزار سے زیادہ فنکار Bagurumba رقص پیش کریں گے۔ کل وزیرِاعظم تقریباً صبح 11 بجے ناگاؤں ضلع کے کالیابور میں 6 ہزار 950 کروڑ روپے کی لاگت سے بنے قاضی رنگا ایلیویٹڈ کوریڈور پروجیکٹ کی بھومی پوجن میں شریک ہوں گے۔ یہ ایلیویٹڈ وائلڈ لائف کوریڈور جانوروں کے بلارکاوٹ آنے جانے کو یقینی بنائے گا، جس سے جانوروں اور انسانوں کے درمیان تصادم میں کمی آئے گی، اس سے روڈ سیفٹی کو فروغ ملے گا، سفر کے وقت میں کمی آئے گی، مسافروں کی آمد ورفت اور مال برداری میں اضافہ ہوگا۔*

*گوہاٹی سے Aminul کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں...... آسیہ میمونہ*

**BJP-WEST BENGAL**

BJP نے مغربی بنگال کی وزیرِ اعلیٰ ممتا بنرجی پر مغربی بنگال میں خوش آمد کی سیاست کرنے کا الزام لگایا ہے۔ نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے، BJP کے ترجمان نے سمبت پاترا نے الزام لگایا کہ مغربی بنگال کی وزیرِ اعلیٰ تشدد کو حق بجانب قرار دے رہی ہیں، جس کا مقصد ریاست کو الگ تھلگ کرنا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ TMC کے اعلیٰ رہنما پُرتشدد اور غیرآئینی طریقے اپناکر ریاست میں ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظرِثانی کے کام کو روکنے کی کوشش کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ BLO پر دباؤ ڈالا جارہا ہے، جس کی وجہ سے وہ انتہائی قدم اٹھانے پر مجبور ہورہے ہیں۔ انہوں نے یہ الزام بھی لگایا کہ بلاک ڈیولپمنٹ افسروں پر بھی حملے کئے جارہے ہیں۔

SB - Sambit Patra

جناب سمبت پاترا نے یہ بھی کہا کہ مغربی بنگال کی وزیرِ اعلیٰ ممتابنرجی کی زیرِ قیادت TMC سرکار، جعلی ID Racket چلا رہی ہے اور دراندازوں کو بھارت کا شہری بنارہی ہے۔×

ELECTION-COMMISSION REGULATION

مغربی بنگال میں فارم-7 کے سلسلے میں TMC اور BJP کے درمیان جاری الزام تراشی کے درمیان بھارتی انتخابی کمیشن نے یہ واضح کیا ہے کہ ایک مخصوص حلقے کا کوئی بھی رجسٹرڈ ووٹر کتنے بھی فارم جمع کرسکتا ہے۔کمیشن نے کہا ہے کہ اس کی کوئی قید نہیں ہے کہ کوئی شخص کتنے فارم جمع کرسکتا ہے۔ تاہم، اس عمل کے غلط استعمال کو روکنے کیلئے اگر کوئی شخص پانچ اعتراضات سے زیادہ جمع کرتا ہے، تو اس پر الیکٹورل رجسٹریشن افسر ERO کی جانب سے ایک لازمی جائزہ کیا جائے گا، تاکہ اس دعوے کی قانونی حیثیت کو یقینی بنایا جاسکے۔x

CHATTISGARH-MAOISTS

چھتیس گڑھ میں آج بیجاپور ضلع میں مسلح افواج کے ساتھ ایک مڈبھیڑ میں دو ماؤنواز مارے گئے۔ پولیس کے مطابق مسلح افواج کی ایک مشترکہ ٹیم ماؤنوازوں کی موجودگی سے متعلق ایک خفیہ اطلاع ملنے کے بعد ضلع کے شمال مغربی علاقے میں بھیجی گئی تھی۔ آج صبح تلاشی مہم کے دوران یہ مڈبھیڑ پیش آئی۔ صبح سے ہی دونوں طرف سے رُک رُک کر فائرنگ ہورہی ہے۔ اب جائے وقوع سے دو ماؤنوازوں کی لاشیں برآمد کرلی گئی ہیں۔x

THEME VANDE MATRAM REPUBLIC DAY

اس سال کرتویہ پتھ پر یومِ جمہوریہ کی تقریبات قومی گیت وندے ماترم کے 150 سال مکمل ہونے اور بھارت کی فوجی طاقت اور ثقافتی تنوع کے انوکھے امتزاج کی حامل ہوں گی۔ کل نئی دلی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے دفاعی سیکریٹری راجیش کمار سنگھ نے کہا کہ اِن تقریبات کے ذریعے قومی گیت اور آتم نربھر بھارت کو منفرد خراجِ عقیدت کا اظہار ہوگا۔x

DELHI TRAFFIC ADVISORY

دلّی ٹریفک پولیس نے کَرتویہ پَتھ پر یومِ جمہوریہ کی پریڈ کی ریہرسل کی وجہ سے آج اور اس مہینے کی 19، 20 اور 21 تاریخ کیلئے عوام کے واسطے کچھ ہدایات جاری کی ہیں۔ اِن ہدایات کے مطابق ٹریفک کو بلاروک ٹوک اور خوش اسلوبی سے چلانے کیلئے صبح سوا دَس بجے سے ساڑھے بارہ بجے تک ٹریفک کی پابندیاں لاگو ہوں گی۔ کَرتویہ پَتھ اور رفیع مارگ، جَن پتھ، مان سنگھ روڈ اور C-Hexagon سمیت کَرتویہ پَتھ کو ملانے والی اہم سڑکوں پر یہ پابندیاں نافذ رہیں گی۔ مسافروں کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ تاخیر اور ٹریفک کی آمد و رفت میں متوقع تبدیلی سے بچنے کیلئے اِن راستوں کا استعمال نہ کریں۔x

## MAHA-CIVIC ELECTION

BJP نے مہاراشٹر میں، 2026 کے بلدیاتی چناؤ میں شاندار کامیابی حاصل کی ہے۔ اُس نے ریاست بھر میں 29 میونسپل کارپوریشنوں میں 2 ہزار 869 سیٹوں میں سے ایک ہزار 425 سیٹیں جیتی ہیں۔ حتمی نتائج کے مطابق، شیوسینا 399، کانگریس 324، این سی پی 167 اور شیوسینا (یو بی ٹی) 155 سیٹوں پر کامیاب ہوئی ہیں۔ اِن کے علاوہ، این سی پی (ایس پی) 36 ، ایم این ایس 13 اور BSP صرف 6 سیٹیں حاصل کرسکی ہے۔

227 ارکان پر مشتمل Brihanmumbai میونسپل کارپوریشن میں BJP نے 89 اور اُس کی ساتھی پارٹی شیو سینا نے 29 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے، جبکہ شیوسینا (یوبی ٹی) 65 اور ایم این ایس 6 سیٹیں حاصل کرپائی ہے۔ کانگریس، جس نے Vanchit Bahujan Aghadi ( وی بی اے ) کے ساتھ مل کر چناؤ لڑا تھا، 24 سیٹوں پر کامیاب ہوئی ہے۔ اِس کے علاوہ، AIMIM آٹھ پر، این سی پی 3 پر، سماج وادی پارٹی 2 پر اور این سی پی (ایس پی) صرف ایک سیٹ پر کامیاب ہوئی ہے۔ Mahayuti اتحاد نے ٹھاکرے کنبے کی 30 سال سے چلی آرہی بالادستی ختم کردی ہے۔

اُدھر پونے میں، BJP نے 119 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی ہے، جبکہ اجیت پوار کی زیرِ قیادت این سی پی 27 اور اُس کی ساتھی پارٹی این سی پی (ایس پی) صرف تین سیٹیں حاصل کرپائی، جبکہ کانگریس کو 15 سیٹوں پر کامیابی ملی۔ 151 ارکان پر مشتمل ناگپور میونسپل کارپوریشن میں BJP کے امیدوار 102 اور کانگریس کے امیدوار 34 سیٹوں پر کامیاب ہوئے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میں بھی BJP کی کامیابی کا سلسلہ جاری رہا، جہاں اُس نے 57 سیٹیں جیتی ہیں، جبکہ شیوسینا 13 پر اور کانگریس ایک پر کامیاب ہوئی۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے عوام پرور NDA کا ایجنڈا آگے بڑھانے کیلئے مہاراشٹر کی عوام کا شکریہ ادا کیا ہے۔x

## UP-MANIKARNIKA ISSUE

اترپردیش حکومت نے اس بات کو دہرایا ہے کہ وارانسی کے منی کرنیکا گھاٹ پر جاری تعمیر نو اور تزئین نو کے کام کے دوران مورتیوں کو کسی طرح کا کوئی نقصان نہیں ہوا ہے۔ شہری ترقی کے ریاستی وزیر اے کے شرما نے کہا ہے کہ منی کرنیکا گھاٹ علاقے میں بنیادی سہولتوں کا فقدان تھا، جس کی وجہ سے ریاستی حکومت نے لوگوں کو زیادہ سہولتیں فراہم کرنے کے مقصد سے تعمیر نو اور تزئین نو کا کام شروع کیا۔ ضلع مجسٹریٹ ستیندر کمار نے بھی کہا ہے کہ تعمیر نو کے جاری کام کے دوران کسی مورتی کو نقصان نہیں پہنچا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس بارے میں سوشل میڈیا پر گمراہ کُن اور بے بنیاد دعوے گردش کررہے ہیں، جن کا زمین پر حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔

جناب کمار نے مزید کہا کہ ترقی نو کے منصوبے کے تحت جاری تعمیر نو کے کام کے دوران گھاٹ پر دیواروں میں لگے کچھ فن پاروں کو نقصان پہنچا ہے۔ تاہم اس طرح کے سبھی فن پارے اور مورتیاں محکمہ ثقافت کی جانب سے محفوظ کرلی گئی ہیں اور

انہیں محفوظ مقام پر منتقل کردیا گیا ہے اور کام مکمل ہونے کے بعد انہیں اُن کی اصل شکل میں دوبارہ نصب کردیا جائے گا۔

**Byte: DM**

اس دوران کاشی Vidvat پریشد کے جنرل سکریٹری پروفیسر رام نارائن دویدی نے حکومت کی کوششوں کی مکمل تائید کی ہے اور کہا ہے کہ اس مہم میں کاشی Vidvat پریشد حکومت کے ساتھ ہے۔ انہوں نے اس بارے میں پھیلائی جارہی سبھی افواہوں کو بے بنیاد قرار دیا۔

**HAJJ-PILGRIMAGE**

اقلیتی امور کی وزارت نے عازمینِ حج کو اپنی بُکنگ اور دیگر دستاویزات مکمل کرنے کیلئے اِس مہینے کی 25 تاریخ تک توسیع کردی ہے۔ وزارت نے یہ بھی کہا ہے کہ اس کے بعد مزید وقت نہیں دیا جائے گا۔ اقلیتی امور کی وزارت نے عازمین کو یہ بھی مشورہ دیا ہے کہ وہ اپنے جائز پاسپورٹ، حج گروپ منتظم یا متعلقہ دفتر کے پاس جمع کرادیں اور Nusuk پورٹل پر اپنے اندراج کی تفصیل بھی مہیا کریں۔x

**TRUMP GAZA BOARD OF PEACE**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے امن سے متعلق اُس نئے بورڈ کے ارکان کے ناموں کا اعلان کر دیا ہے، جو غزہ جنگ ختم کرنے کی خاطر اُن کے 20 نکاتی امن منصوبے کے دوسرے مرحلے کی رہنمائی کریں گے۔ یہ بورڈ غزہ میں حکمرانی، علاقائی تعاون، از سرِنوتعمیر، سرمایہ کاری مالی معاونت اور طویل مدتی استحکام سے متعلق اقدامات کی نگرانی کرے گا۔

امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو، برطانیہ کے سابق وزیر اعظم ٹونی بلیئر، صدر ٹرمپ کے خصوصی نمائندے Steve Witkoff عالمی بینک کے صدر Ajay Banga، ٹرمپ کے داماد Jared Kushner، Apollo Global Management کے CEO Marc Rowan اور امریکہ کے قومی صلاحتی کے نائب مشیر Robert Gabriel اس بورڈ میں شامل ہیں۔ صدر ٹرمپ اس بورڈ کے چیئرمین ہوں گے، جبکہ مشیرِ اعلیٰ Aryeh Lightstone اور Josh Gruenbaum اس کے اموری حکمت عملی اور آپریشنس کی نگرانی کریں گے۔x

**IMD-WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے پنجاب اور ہریانہ میں اگلے تین سے چار دن کے دوران بہت ہلکی بارش ہونے کی پیشگوئی کی ہے۔ خصوصی طور پر آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے، IMD کے سینئر سائنس داں ڈاکٹر آر کے جینامنی نے کہا کہ اس مہینے کے آخر میں شمال مشرقی بھارت میں بارش ہونے کا قوی امکان ہے۔ ڈاکٹر جینا منی نے کہا کہ سردی میں کچھ کمی

واقع ہوئی ہے اور کم از کم درجہ حرارت میں کچھ اضافہ درج کیا گیا ہے۔

**S/B Jenamani**

IMD نے پنجاب، ہریانہ، اترپردیش میں کل تک صبح اور رات کے وقت شدید کہرا چھائے رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ محکمہ نے چھتیس گڑھ اور مشرقی مدھیہ پردیش کے اِکا دُکا مقامات پر شدید سرد ہوائیں چلنے کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

## WPL-CRICKET

خواتین پریمئر لیگ کرکٹ میں، آج دو میچ کھیلے جائیں گے۔ پہلا میچ سہ پہر تین بجے یوپی واریئرس اور ممبئی انڈینس کے درمیان میچ ہوگا۔ دوسرا میچ دلّی کیپٹلس اور رائل چیلنجرس بنگلورو کے درمیان نوی ممبئی کے ڈاکٹر ڈی وائی پاٹل اسپورٹس اکیڈمی میں شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ کل رائل چیلنجرس بنگلورو نے گجرات جائنٹس کو 32 رَن سے ہرایا تھا۔

## SOLAN MSME

چھوٹے، بہت چھوٹے اور متوسط درجے کی صنعتوں کی وزارت MSME نے ہماچل پردیش میں Una ضلع اور سولن ضلع میں Parwanoo صنعتی علاقے میں MSME ٹیکنالوجی کے مرکز قائم کرنے کی منظوری دے دی ہے۔ اِن مرکزوں کے قیام تقریباً 10 - 10 کروڑ روپے کی لاگت آئے گی ۔ x

## PRESIDENT HOUSE

راشٹرپتی بھون Circuit One عام لوگوں کیلئے اِس مہینے کی 21 سے 29 تاریخ تک بند رہے گا۔ راشٹرپتی بھون کے سکریٹریٹ کے مطابق آئندہ یومِ جمہوریہ کی پریڈ اور Beating Retreat کی تقریب کے مدنظر اِسے عام لوگوں کیلئے بند کیا جارہا ہے۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆